اللّٰہ ہو حق ۱۲

نظمِ ویسیہ

(نتیجۂ طبع)

جناب ہز اکسلنسی راجہ راجایان سر کشن پرشاد

مہاراجہ بہادر یمین السلطنت کے۔ سی۔ آئی

ای۔ جی۔ سی۔ آئی۔ ای) پیشکار سلطنت آصفیہ

المتخلص بہ شاد

تلمیذ حضرت آصف غفران مکان علیہ الرحمہ

احمدیہ پریس میں طبع ہوا

الحمد للہ

دیباچہ

حضرت خواجہ حسن نظامی چشتی دستگیر شاد نے حضرت محبوب الٰہی
کے عرس کے موقع پر دو پیسے لنگر سے شاد کو مرحمت فرمائے تھے۔
اُسکے شکریہ میں یہ نظم منظوم ہو کر ہدیہ ناظرین کیجاتی ہے۔

الحمد لله

نظم دوم

بشر کا ہے فریضہ حمدِ داور
اور اس کے ساتھ ہی نعتِ پیمبر

کیا جو ڈر پیسے ہر اک شئے کو پیدا
عجب ہے حکمتِ خلاقِ اکبر

ازل کیو اسطے جیسے ابد ہے
ہے دنیا کے لئے عقبیٰ مقرر

زمین اور آسماں اُس نے بنائے
کئے پیدا اُسی نے خشک اور تر

اُسی نے عرش اور کُرسی بنائی
کئے لوح و قلم قدرت کے مظہر

سزا کیواسطے دوزخ بنائی
جزا کیواسطے جنت کا منظر

کئے جنت میں پیدا حور و غلمان
تو جن و انس کو بھیجا زمیں پر

پئے آدم ہوئیں مخلوق حوّا
رہے جوڑے سے باہم دونوں ملکر

بشر کو اُسنے دو آنکھیں عطا کیں
کہ تا دیکھے وہ اُنسے خیر اور شر

نئے دو کان بھی خالق نے اسکو
صدائے نیک و بد ہے جس سے خبر

عطا دل و لب کئے بہر تکلم
جو بحث تلخ و شیریں کے ہیں مظہر

دئے دو ہاتھ قدرت سے اُسینے
جو معروف عمل رہتے ہیں اکثر

دیے ہیں چلنے پھرنے کو بھی پاؤں
جو ہیں رفتار میں انساں کے رہبر

کئے پیدا اسی نے کفر و ایمان
اسی کے دیر و کعبہ دو ہیں مظہر

گدا و شاہ کو اُس نے بنایا
کیا محتاج اسے اُس کو تونگر

اُسی نے عالم ہستی میں بھیجے
ہدایت کے لئے پیر و پیمبر

نہیں ترجیح کی یاں کچھ ضرورت
کہ ہر اک ہے کمال حق کا مظہر

مگر یہ بات بھی سب سے کھری ہے
کہ مجنوں کیلئے لیلیٰ ہے بہتر

مری آنکھوں سے تم خواجہ کو دیکھو
کہ اسرار الٰہی کے ہیں مظہر

ہیں محی الدین جیسے حق کے محبوب
معین الدین بھی ہیں محبوب داور

مرے خواجہؒ کے بھی محبوب ہیں — قمر ہے وہ تو یہ خورشید خاور

ولیِ حق علاء الدینؒ صابر — کہ ہیں گنج شکر کے سر کے مظہر

دُوم محبوب محبوب الٰہی — لقب سلطان ہے جنکا مقرّر

بدایونی نظام دین و ملت — ہے جنکی ذات سے دہلی منوّر

غلامی کا شرف رکھتا ہے انسے — فقیر شادؔ نازاں ہو نہ کیونکر

نظامی حضرت خواجہ حسن ہیں — مرے مرشد مرے ہادی و رہبر

ملا میخانہ سے ان کے یہ رتبہ — خماری شاہ ہوں مشہور گھر گھر

بحمد اللہ عجب اعزاز بخشا — زہے قسمت زہے میرے مقدّر

لکھا ہے شاد کو خواجہ نے خط میں
ہوئے دو پیسے سالانہ مقرر

شریک اسمیں ہوا ہے شاد کا نام
جو محبوب الٰہی کا ہے لنگر

عطا اُس کی یہ دو پیسے ہوئے ہیں
ہے کیا قسمت مری اللہ اکبر

خدا شاہد ہے دو پیسے نہیں ہیں
ملی ہے دولت دارین یکسر

یہ دنیا اور عقبیٰ کی ہے نعمت
کہ گھر بیٹھے ہوئی مجھ کو میسر

خزانہ وحدت و کثرت کا ہیں یہ
سلوک و معرفت کے ہیں دو دفتر

بقا کے اور فنا کے ہیں یہ دو سر
شہود و غیب کے رمز اسمیں مضمر

ہوئے سلطین کے صدقے میں حاصل
جو ہیں عز و شرف کے لعل و گوہر

قران مہر و مہ برج شرف میں | خدا کے فضل سے اب ہی میسر
نہ ہو کیوں شاد شاہ اور خواجہ پرشانی | کہ آئے اوج پر دونوں کے اختر
جو مہر و ماہ اُن دونوں کو کہیے | نہیں ہیں شان سے کچھ انکی بڑھ کر
امارت اور فقیری کے ہیں انعام | یہ دو مہریں ہیں دونوں کی سند پر
میسر آئے ہیں دو نقش تسخیر | دو عالم ہو گئے جن سے مسخر
ہوا آنکھوں کو حاصل نور اُنسے | ہوا دلکو سرور ان سے میسر
زباں ہے لال اور ہے نطق عاجز | ادا ہو شکر اس نعمت کا کیونکر
خدا کے فضل سے اے شاہ تجھکو | خدا داد آئی ہے دولت میسر

دعا میری یہی ہے صدق دل سے
تری درگاہ میں اے رب داور

رہیں اولاد اور احفاد دلشاد
کسی کا بال بیکا ہو نہ دم بھر

رہیں احباب بھی با جاہ و اجلال
مقدر کے ہوں اپنے سب سکندر

مری خواجہ معین الدین چشتی ؒ
رہیں مجھ پر ہمیشہ سایہ گستر

خدارا ساقی خمخانۂ چشت
پلا دے ساغر توحید بھر کر

بنا دے اس قدر بیخود کہ آخر
خودی سے اپنی ہو جاؤں میں باہر

دعا دیتا رہا سب ہو چکے شاد
بس اب یہ نظم کر دے ختم لکھ کر

فہرست کتب تصانیف اکسیلنسی مہاراجہ راجایان سر کشن پرشاد بہادر یمین السلطنت دکے سی. آئی. ای جی سی آئی. ای پیشکار سلطنت آصفیہ المتخلص شاد تلمیذ حضرت آصف غفر اللہ

نمبر	نام کتاب	قیمت	نمبر	نام کتاب	قیمت
۱	بزم خیال ہر جلد	ے	۱۹	خدیو شاد	[illegible]
۲	رباعیات شاد	۱۲	۲۰	نغمہ شاد زیر طبع	[illegible]
۳	اسپیچ محبوب گنج	۱/	۲۱	دسہرہ	[illegible]
۴	ہدیہ شاد دیوان ریختہ زیر طبع	۱۲/	۲۲	سفر دو ہفتہ	[illegible]
۵	گلبن تاریخ	۱/	۲۳	صبح امید	[illegible]
۶	سیر پنجاب	۴/	۲۴	ارمغان وزرا	[illegible]
۷	نسیم سحر	۲/	۲۵	مجموعہ مناجات	[illegible]
۸	نذر شاد	۲/	۲۶	شگوفہ بہار	۲/
۹	فریاد شاد	۱۱/	۲۷	دین حسین	۴/
۱۰	آنکھ والا آنکھ والے کی تلاش میں	۳/	۲۸	ماتم حسین ۴	۴/
۱۱	موتیوں کی لڑی	۴/	۲۹	سپاسنامہ	۲/
۱۲	مطلع خورشید زیر طبع	۸/	۳۰	مخزن القوافی	۱۲
۱۳	ایمان شاد	۴/	۳۱	نور چشم	۸/
۱۴	سیر و سفر	۱۲/۸	۳۲	آشوب تعظیم	۳/
۱۵	کمار شاد	۲/	۳۳	مثنوی آئینہ وجود	۲/
۱۶	آئینہ وحدت	۲/	۳۴	مثنوی سر وجود	۳/
۱۷	نذر سلطان	۵/	۳۵	نظم دو پیہ	۱/
۱۸	روضہ شریف	۴/	۳۶	زین بسیرا	۲/
			۳۷	بزم دربن	

کتب بدر المہتمم رسالہ سے بذریعہ وی. پی طلب فرمائے